صحت حکمت کے ساتھ

فیروز اجملی

2022

معیاری یونانی دواساز ادارہ

# پرائس لِسٹ

DRAP سے منظور شدہ معیاری ادویات (Form-7)



فیروز اجملی دواخانہ مُلتان®

E. No: 00774

# مامن داء الاله دواء ط

( کوئی مرض ایسا نہیں جس کی دوا مالک نے پیدا نہ کی ہو )

شافئی مطلق: جس نے ہر انسان کو منفرد فطری مزاج عطا فرمایا ہے اور ہر مزاج کی تسکین کیلئے نباتات پیدا فرمائے ہیں۔ یہ نباتات حالت صحت میں ہماری غذا کا سامان بنتے ہیں اور حالت مرض میں ہمارے درد کا درماں بنتے ہیں یہی وجہ ہے کہ اقوام عالم آج پھر اسی فطری طریقہ علاج کی طرف لوٹ رہی ہیں جو فطرت کے عین مطابق اور سنت رسولؐ کے نزدیک تر ہے اور ہم انسانیت کو اس فطری زندگی سے ہم آہنگ کرنے کیلئے کوشاں ہیں ہمارا نصب العین انسانوں کی نفع رسانی ہے۔ شفاء کا اصل سرچشمہ تو مالک کی ذات بابرکات ہی ہے ہمارا کام اپنے علم اور تجربہ کی بدولت عوام کو معیاری اور مؤثر ادویات فراہم کرنا ہے۔ مخلوق کی فلاح و بہبود میں صحت عامہ کو مرکزی حیثیت حاصل ہے۔

جس طرح تندرستی کا انحصار خالص اور معیاری خوراک پر ہوتا ہے اسی طرح علاج وشفا کا دارومدار بھی خالص اور معیاری ادویات پر مبنی ہے۔ دواخانہ عرصہ ''بہتر سال'' سے الحمدللہ مذکورہ اصولوں کی بنیاد پر عوام کو اچھا اور سستا علاج فراہم کر رہا ہے۔

دواخانہ ہذا کے مرکبات خالص یونانی جڑی بوٹیوں سے حفظان صحت کے اصولوں کے عین مطابق تیار کیے جاتے ہیں اور دواخانہ ہذا قرابادینی (فارماکوپیا) نسخہ جات کے علاوہ طب جدید کی تحقیق کو بروئے کار لاکر لاتعداد مفید نسخہ جات کی بنیاد پر عوام کی خدمات سرانجام دے رہا ہے۔ مالک کا احسان ہے کہ دور حاضر میں دواخانہ ہذا فارم ۶ اور فارم ۷ حاصل کر کے انسانیت کی خدمت میں مشغول ہے اور خالص ادویات اطباء حضرات اور عوام الناس کی خدمت میں پیش کر رہا ہے، اور ادویات کی تیاری کو ہمیشہ کی طرح عبادت سمجھتے ہوئے سرانجام دے رہا ہے۔

خیر اندیش

**حکیم ضیاء الرحمٰن**

**C.E.O**

فیروز اجملی دواخانہ (رجسٹرڈ)

# کاروباری شرائط

ہر دوا کے ایک درجن پر اسی دوا کے چار (4) پیس یا پچیس فیصد (25%) بطور کمیشن دیئے جائیں گے۔ اس کے علاوہ جار پیکنگ اور ۴۵۰ ملی لیٹر (450ml) پر مزید سات فیصد (7%) کمیشن دیا جائے گا۔ وی پی پارسل (1000) روپے سے کم مالیت کے آرڈر کی صورت میں پیکنگ و ڈاک کے جملہ اخراجات بذمہ خریدار ہوں گے۔ وی پی مال لینے کی صورت میں 30% دیا جائے گا۔

۱)......تمام مال موجود نہ ہو تو جزوی سپلائی کی جائے گی۔

۲)......سیمپل آئیٹم کی کوئی تبدیلی یا واپسی نہیں ہو گی۔

۳)......سِیل شدہ مال کی سِیل ٹوٹی ہوئی ہونے پر نا قابلِ تبدیل ہے۔

۴)......مال بذریعہ ڈاک، ٹرک بلٹی کارگو، ٹرین کارگو روانہ کیا جاتا ہے۔

۵)......دکان دار اور نمائندے یا ڈسٹری بیوٹر کے ذاتی لین دین کی کمپنی ذمہ دار نہ ہو گی۔

۶)......تنازعہ کی صورت میں صرف عدالت ہائے ملتان کو سماعت کا اختیار حاصل ہو گا۔

۷)......مال سے متعلّق شکایت کی صورت میں 0300-2673511 پر رابطہ کیا جا سکتا ہے۔

۸)......قرص کی پیکنگ وزن کر کے کی جاتی ہے اس لئے ان کی تعداد میں کمی بیشی کا امکان ہو سکتا ہے۔

۹)...... برائے مہربانی صرف اتنی مقدار میں ادویہ کا آرڈر دیں جو ایک ماہ کے اندر استعمال کر لی جائیں۔

۱۰)......خمیرہ جات کا وزن پیکنگ کے وقت صافی کیا جاتا ہے، جار، کارڈ پیک اور لیبل کا وزن منہٰی ہوتا ہے۔

۱۱)......فروخت شدہ مال واپس نہیں لیا جائے گا البتہ دو ماہ کے اندر مال تبدیل کروا سکتے ہیں، مال اور یجنل بل کے بغیر نا قابل تبدیل ہو گا۔

۱۲)......نمائندہ کو بغیر اورجنل بِل کے بغیر ادائیگی نہ کریں، نمائندہ کو ادائیگی کرنے کے بعد کمپنی یا ڈسٹری بیوٹر سے رقم کی وصولی کی تصدیق کر لیں۔

۱۳)......دواخانہ نرخنامہ کی قیمتوں میں تغیّر و تبدل کرنے کا ہر وقت مجاز ہو گا اور بے شک ان قیمتوں پر بنے گا جو مال کے روانگی کے دن نافذ ہوں گی۔

۱۴)......رجسٹرڈ خیراتی شفا خانے، مطب، ڈسپنسری اور سرکاری ہسپتال بلالحاظ قیمت نرخنامہ کے چار فیصد (4%) خصوصی رعایت حاصل کر سکیں گے۔

۱۵)......دکان دار کے مال جمع رکھنے، سیل نہ کرنے، گودام کو چیک نہ کرنے پر کمپنی، نمائندہ یا ڈسٹری بیوٹر ذمہ دار نہ ہوگا۔

۱۶)......جس علاقے میں کمپنی ڈسٹری بیوشن دے چکی ہے وہاں کمپنی کسی اور سے لین دین نہیں کرے گی، ایسے علاقے میں مال ورقم کے لین دین کا ذمہ دار ڈسٹری بیوٹر ہوگا۔

۱۷)......آرڈر بُک کرتے وقت ادارہ یا نمائندہ ایڈوانس رقم وصول نہیں کرتے۔ ایڈوانس رقم ہرگز ادا کرنے کی کوشش نہ کیجئے۔

۱۸)......نمائندے سے ذاتی لین دین ہرگز نہ کریں، بصورتِ دیگر اس کے آپ خود ذمہ دار ہونگے۔ کمپنی کسی بھی وقت کسی بھی نمائندہ کو مارکیٹ بھیجنے کا اختیار رکھتی ہے یا سیل سپروائزر کو چیکنگ کیلئے بھیجنے کا اختیار رکھتی ہے۔

۱۹)......اوریجنل بل اور نمائندے کے حاضر ہوئے بغیر نمائندے کو ہرگز رقم کی ادائیگی نہ کیجئے۔

۲۰)......بل کی جزوی ادائیگی کرنے پر رقم و دستخط کے ساتھ تاریخ بھی ضرور درج کیجئے۔

۲۱)......بل کی آن لائن ادائیگی کرنے کے بعد آفس کے نمبر پر رابطہ کر کے رسید ضرور طلب کیجئے۔

۲۲)......ادویات کی قیمت میں اضافہ کی صورت میں کسٹمر کو پرانے نرخ پر 2بل دیے جائیں گے، جن کی مالیت ہر گزشتہ سال کی ٹوٹل سیل کا بارہواں حصہ ہوگی۔

۲۳)......اگر آپ اپنے بل پر سابقہ بقایاجات سے متفق نہیں ہیں تو ہمارے درج ذیل آفس نمبر 0300-2958850 پر رجوع کریں۔

☆☆☆

| قیمت | پیکنگ | نام ادویات | نمبر شمار |
|---|---|---|---|
| | | **قرص** | |
| 150/-<br>2820/- | 24 tab<br>500 tab | اصلی بوہڑ کے دودھ والی گولیاں مغلّظ<br>Form 7 No: 0774620063 | 1 |
| 120/-<br>1130/- | 48 tab<br>500 tab | قرص فولاد ہاضم<br>Form 7 No: 0774620057 | 2 |
| 170/-<br>3190/- | 24 tab<br>500 tab | قرص سلاجیت فولادی<br>Form 7 No: 0774620055 | 3 |
| 140/-<br>1320/- | 48 tab<br>500 tab | قرص صدف فیروزی<br>Form 7 No: 0774811041 | 4 |
| 100/-<br>950/- | 48 tab<br>500 tab | قرص ریح ہاضم<br>Form 7 No: 0774811037 | 5 |
| 100/-<br>1250/- | 36 tab<br>500 tab | قرص مصفیٔ خون<br>Form 7 No: 0774811042 | 6 |
| 170/-<br>7650/- | 10 tab<br>500 tab | قرص ممسک فیروزی<br>Form 7 No: 0774811039 | 7 |
| 70/-<br>1970/- | 16 tab<br>500 tab | قرص ملین<br>Form 7 No: 0774811038 | 8 |
| 140/-<br>2100/- | 30 tab<br>500 tab | قرص پائلٹرم<br>Form 7 No: 0774811043 | 9 |
| 220/-<br>3300/- | 30 tab<br>500 tab | قرص یورک اِل<br>Form 7 No: 0774811040 | 10 |
| 120/- | 66 tab | قرص اکسیر تبخیر معدہ<br>Form 7 No: 0774901741 | 11 |

| قیمت | پیکنگ | نام ادویات | نمبر شمار |
|---|---|---|---|
| | | **خمیرہ** | |
| 180/-<br>350/-<br>1700/- | 50 gm<br>100 gm<br>500 gm | خمیرہ یاقوتی جواہر دار<br>Form 7 No: 0774620050 | 12 |
| | | **سفوف** | |
| 200/-<br>4500/- | 20 gm<br>500 gm | سفوف یورواسٹون<br>Form 7 No: 0774620062 | 13 |
| 170/-<br>2550/- | 30 gm<br>500 gm | سفوف دوائے پتھری<br>Form 7 No: 0774811049 | 14 |
| 50/-<br>650/- | 35 gm<br>500 gm | سفوف ہاضم پھکی<br>Form 7 No: 0774811047 | 15 |
| 60/- | 20 gm | سفوف ٹون سیٹ<br>Form 7 No: 0774811046 | 16 |
| 150/-<br>970/- | 70 gm<br>500 gm | سفوف مغلّظ<br>Form 7 No: 0774811045 | 17 |
| 120/-<br>1080/- | 50 gm<br>500 gm | سفوف محلل اورام<br>Form 7 No: 0774620058 | 18 |
| 120/-<br>1080/- | 50 gm<br>500 gm | سفوف تبخیر برائے تیزابیت<br>Form 7 No: 0774620060 | 19 |
| 120/-<br>780/- | 70 gm<br>500 gm | سفوف سپاری پاک<br>Form 7 No: 0774811044 | 20 |

| نمبر شمار | نام ادویات | پیکنگ | قیمت |
|---|---|---|---|
| | **سیرپ** | | |
| 21 | سیرپ سلاجیت ٹانک<br>Form 7 No: 0774620059 | 120 ml<br>240 ml<br>450 ml | 130/-<br>250/-<br>460/- |
| 22 | سیرپ اکسیر جگر فولادی<br>Form 7 No: 0774620061 | 120 ml<br>240 ml<br>450 ml | 120/-<br>230/-<br>420/- |
| 23 | سیرپ پیپرمنٹ<br>Form 7 No: 0774620052 | 120 ml<br>240 ml<br>450 ml | 100/-<br>190/-<br>350/- |
| 24 | شربت فولاد فواکہ<br>Form 7 No: 0774620053 | 240 ml<br>450 ml | 160/-<br>290/- |
| 25 | سیرپ سعالی<br>Form 7 No: 0774620054 | 120 ml<br>240 ml<br>450 ml | 100/-<br>190/-<br>350/- |
| 26 | سیرپ محلل اورام<br>Form 7 No: 0774620051 | 120 ml<br>240 ml<br>450 ml | 140/-<br>270/-<br>500/- |
| 27 | سیرپ مصفئی خون<br>Form 7 No: 0774811048 | 120 ml<br>240 ml<br>450 ml | 90/-<br>170/-<br>320/- |
| 28 | سیرپ گیسٹو فار<br>Form 7 No: 0774811050 | 120 ml<br>240 ml<br>450 ml | 90/-<br>170/-<br>320/- |
| 29 | سیرپ اعصابی ٹانک<br>Form 7 No: 0774620056 | 240 ml | 170/- |

# تبخیر کسے کہتے ہیں؟

غذا کے معدے میں زیادہ دیر رکنے سے غذا سڑ کر فاسد ہو جاتی ہے۔اس سڑی ہوئی غذا سے خارج ہونیوالی گیس اور بخارات دل و دماغ اعصاب اور تمام بدن پر بُرا اثر ڈالتے ہیں۔

# تبخیر کی ظاہری مثال

آپ نے مشاہدہ کیا ہوگا کہ گرمیوں میں بند کمرے یا بند برتن میں سالن زیادہ دیر پڑا رہے تو سڑ کر ہوا چھوڑ دیتا ہے اس سڑی ہوئی ہوا سے سالن ابل کر اوپر اٹھ جاتا ہے اور چکھنے سے ذائقے میں ترشی محسوس ہوتی ہے۔یعنی سالن میں دو چیزیں زائد پیدا ہو گئیں۔

1)......ہوا یعنی گیس Gas

2)......ترشی یعنی تیزابیت (Acidity)

اور یہ بھی مشاہدہ ہے کہ گنے یا انگور کا رس زیادہ دیر رکھنے پر ترشی یعنی سرکہ میں تبدیل ہو جایا کرتا ہے۔
اسی طرح معدہ کی سستی، کمزوری کی وجہ سے غذا دیر تک ٹھہرنے سے جلد ہضم نہ ہو سکے، تو تبخیر، ریح، ہوا اور تیزابیت پیدا ہو جاتی ہے۔

ریح والی غذا سے جو خون پیدا ہوگا۔یہی ترش، ریح، تبخیر اور گیس والا خون تمام بدن دل و دماغ عضلات، شریانوں، پٹھوں، گردوں، مثانہ، جوڑوں اور کمر کے صحیح افعال میں خلل کا باعث ہو کر سینے کی جلن، ورم، زخمِ معدہ، دھڑکن، درد، وسواس، تھکاوٹ، جوڑوں کے درد، سستی، ضعف اعصاب، ضعف مثانہ اور دیگر امراض کا باعث ہوگا۔غذا کے معدے میں زیادہ دیر رکنے اور سڑ جانے کی وجہ سے غذا کے جواہر یعنی حیاتین فولاد اور کیلشیم وغیرہ درست طریقہ سے ہضم اور بدن میں جذب نہیں ہوتے۔ان کی کمی کی وجہ سے اعضائے بدن کے افعال میں مزید نقائص پیدا ہونے لگتے ہیں اور قوت مدافعت کمزور ہو جاتی ہے۔

# تبخیر کا عام طریقہ علاج

☆......عام طریقہ علاج میں تبخیر کی گیس اور دماغ کی پریشانی کو دور کرنے کیلئے مسکنات اور نیند لانے والی ادویات دی جاتی ہیں۔

☆......معدہ میں ترشی یعنی (Acidity) کو کھاری ادویہ سے وقتی طور پر کم کر کے سوزش معدہ کو سکون پہنچایا جاتا ہے اور ان دونوں طریقوں کے علاج کا نقص یہ ہوتا ہے کہ معدہ کی ہاضم رطوبت جو غذا ہضم کرتی ہیں، وہ ان

کھاری ادویہ سے بے اثر ہوکر بدہضمی کا باعث بنتی ہیں اور مسکن دماغ ادویہ سے ضعف دماغ،ضعف اعصاب ،سستی، کاہلی پیدا ہوتے ہیں۔

# تبخیر کا صحیح طریقہ علاج

## علاج کی پانچ قسمیں ہیں:

(1) غذا سے علاج (2) تدبیر سے علاج (3) نفسیات سے علاج

(4) پرہیز سے علاج (5) دوا سے علاج

# علاج کے اثرات

## غذا کے ذریعہ علاج

غذا کے ذریعہ علاج کا مقصد ایسی غذاؤں کا استعمال ہے جو دیر ہضم نفاخ اور چکنی لیس دار نہ ہوں۔مثلاً آلو، گوبھی ،بینگن، اروی، بھنڈی ،مٹھائیاں ، پراٹھے،تلی ہوئی مرغن غذائیں نہ ہوں بلکہ زود ہضم ہوں ،نہ غذا معدے میں زیادہ دیر تک ٹھہرے گی نہ ترش ہوگی نہ سڑ کر ہوا یعنی گیس چھوڑے گی۔

## علاج تدبیر سے

تدبیر سے علاج کا ایک دلچسپ واقعہ ہے کہ ایک مریض جو ہندو وزیر تھا،حکیم اجمل خانؒ کے پاس آیا اس کو تبخیر کی شکایت تھی۔وزیر صاحب کو اپھارہ پسلیوں میں درد سانس کی تنگی، دل کی دھڑکن اور پیشاب بار بار آنے کی شکایت تھی۔حکیم صاحب نے ملاحظہ کرنے کے بعد تدبیر سے علاج فرمایا کہ آئندہ رات کا کھانا چار بجے دن کو کھائیں۔مریض اگرچہ مطمئن نہ ہوا۔مگر ادب سے چلا گیا صبح حاضر ہوا عرض کیا،حکیم صاحب تمام بیماریاں دل کی دھڑکن ،سانس کی تنگی، پیشاب کا بار بار آنا اور نیند کا نہ آنا، مالک کے فضل سے رات ہی رات میں ٹھیک ہوگئیں۔براہ کرم ارشاد فرمائیے کہ اس تدبیر سے کیوں کر فوری آرام ہوا۔فرمایا،تم وزیر ہو اور بوجہ مصروفیت دیر سے گھر آتے ہو، کھانا رات 12 بجے کھاتے ہو اور کھانے کے بعد بغیر ٹہلے سو جاتے ہو کہنے لگا جی ہاں ،فرمایا،غذا کھاتے ہی ٹہلے بغیر سو جانے کی وجہ سے غذا کو حرکت نہیں پہنچتی اور تحلیل نہ ہونے کی وجہ سے غذا سڑ جاتی ہے اور اس سڑاند سے ہوا ریح، تیزابیت پیدا ہو کر اپھارے کا باعث بنتی ہے اور اس اپھارے کے اوپر نیچے پھولنے کا یہ اثر ہوتا ہے کہ معدہ کے پھولنے سے پھیپھڑے کی وسعت کم ہو کر سانس کی تنگی ہو جاتی ہے اور دل کو جلد جلد حرکت کرنا پڑتی ہے اور اپھارے سے پیٹ کے نچلے حصے پیڑو پر یہ اثر ہوتا ہے کہ ہوا کا مثانہ پر دباؤ پڑنے سے بار بار پیشاب کی وجہ سے نیند میں رکاوٹ ہوتی ہے چنانچہ سوتے وقت آپکا معدہ خالی رکھنے کیلئے آپ کو رات

کا کھانا دن کے چار بجے کھلا دیا گیا۔ نتیجہ یہ ہوا کہ دن بھر چلنے پھرنے اور حرکت کرنے میں آپ کا کھانا ہضم ہو گیا نہ معدے میں غذا رکی، نہ سڑی، نہ ہوا سے پسلیوں میں تناؤ ہوا اور نہ ہی پھیپھڑوں اور دل کو گیس کی وجہ سے سانس لینے میں رکاوٹ ہوئی اور دل کی دھڑکن پرسکون رہی اور نہ مثانے پر دباؤ پڑا۔ جسکی وجہ سے بار بار پیشاب کی حاجت بھی نہ رہی اور آپ کو پُرسکون نیند آئی۔

## علاج پرہیز سے

براہ کرم دن میں دو تین بار کھائیں، اکثر حضرات مہمانوں، دوستوں اور خریداروں کی تواضع کیلئے دن میں پانچ چھ مرتبہ مٹھائی اور پھل منگوا لیتے ہیں اور بغیر بھوک کے پہلی غذا ہضم کیے بغیر معدے میں داخل کرتے رہتے ہیں۔ اس طرح غذا معدہ میں ترش ہو جاتی ہے۔ آپ نے دن میں تین بار کھانا، پانچ بار چائے، رات کا دودھ کل نو مرتبہ معدہ استعمال فرمایا اور ساتھ ہی برف پی کر معدہ کی ہانڈی کو ٹھنڈا کرتے رہے۔ ذرا خود انصاف کریں کہ معدہ جو آپ کا دوست ہے کیا آپ نے اس کے ساتھ ظلم نہیں کیا؟ آپ برف کے پانی کا استعمال نارمل کر دیں۔ خواہ پانی فریج وغیرہ کا ٹھنڈا کیا ہوا ہو۔ غذا کے ساتھ پانی کم پیئیں۔ تاکہ ہضم میں رکاوٹ نہ ہو۔

## ہاضم رطوبت کو کمزور نہ کریں

ہاضم رطوبت (رطوبت معدی) گیسٹرک جوس جو غذا کو ہضم کرتی ہے ان کو ٹھنڈا اور پتلا نہ کریں۔ ٹھنڈا کرنا ایسا ہے کہ غذا کے بعد برف یا فریج کا پانی، رطوبت معدی کو ٹھنڈا اور پتلا کرتا ہے۔ اس سے غذا معدہ میں زیادہ دیر رکنے سے کھٹی ہو کر بجائے عمدہ خون کے بدہضمی، ریح، تیزابیت (ایسڈیٹی) زخم معدہ، پتھری پیدا کرتی ہے۔

## پانی علیحدہ اور غذا علیحدہ ہضم کریں

سنت رسولؐ اور سائنس یہ ہے کہ روٹی کے بعد جو پانی آپ نے پینا ہو، وہ روٹی سے گھنٹہ پہلے پی لیں تاکہ غذا کے دوران یا بعد پینے کے حاجت ہی نہ رہے۔ پھر غذا کے دو تین گھنٹہ بعد جس قدر پانی کی خواہش ہو پی لیں۔ ہضم ٹھیک رہے گا مسنون اور معتدل غذائیں کھائیں۔ صبح کا بہترین ناشتہ چائے ڈبل روٹی کی بجائے جو کا دلیہ یا گیہوں کا دلیہ ہیں۔ چائے گرم ہے اسے پینا مناسب نہیں۔ ڈبل روٹی خمیر کی ہوئی ہوتی ہے۔ اس کی کھٹاس سے تیزابیت پیدا ہوتی ہے شام کو دودھ غذا کے ساتھ پی لیں اور دودھ آہستہ آہستہ پیئیں۔ تاکہ لعاب دہن زیادہ مقدار میں خارج ہو کر دودھ اور غذا کو جلد ہضم کر دے۔ یہ سنت رسولؐ ہے اور طب بھی۔ سونے سے

پہلے دودھ پینے سے ہضم بگڑ جاتا ہے۔

## فرمانِ رسولؐ

گوشت کو سبزیوں سے زینت دیا کرو۔ سلاد کیلئے کھیرے، ککڑی، ٹماٹر، پودینہ اور لیموں بہترین ہیں۔ گندم میں جو ڈالنا مسنون ہے۔ جو سے تیار کی ہوئی غذا معدہ آنتوں، دل، جگر، اعصاب، غصہ اور تیزی کو سکون میں رکھتی ہے۔ زخم معدہ اور جوڑوں کے درد میں تیزی سے اضافہ کا باعث ایئر کنڈیشنڈ، ایئر کولر، فریج اور کڑاہی گوشت ہیں۔ آرام طلب دوستوں کے معدے بھی آرام طلب ہو کر گیس، تبخیر، تیزابیت، ریاح اور سُستی کی دوائیوں کے جرمانے بھرواتے رہتے ہیں۔ گرم مسالہ اور تیز مرچ ہرگز مناسب نہیں۔ یہ معدہ اور آنتوں میں ورم اور زخم کا باعث بنتے ہیں۔ سفید زیرہ اور ہلدی پیٹ کے اندر زخم اور ورم کیلئے نہایت مفید ہیں۔

## مشروبات

ولائتی مشروبات سے دیسی مشرقی مشروبات عمدہ ہیں۔ ستو، شکر یا گڑ کا شربت، فالسے کا شربت ، لیموں کا شربت، شربت صندل، شربت بزوری، دو گلاس گھڑے کا پانی گرمی کے ازالے کا بہترین ذریعہ ہیں۔ تپش، حرارت اور صفرا زیادہ ہو تو آلو بخارا 10 دانے اور املی 3 تولہ بھگو کر چھان لیں اور حسب ضرورت پانی میں ملا کر پیئیں۔ سوکھا آلو بخارا قدرت کی بیش بہا نعمت ہے...... چائے کی بجائے دودھ میں سونف، بڑی الائچی، چھوٹی الائچی جوش دے کر پیئیں۔

## نوٹ

ڈالڈا گھی اور چینی مضر صحت قرار دیئے گئے ہیں۔ یہ دونوں چیزیں کیمیکل ہیں گھی کی بجائے ''ایک کلو سرسوں کا تیل یا تلوں کا تیل ایک کلو'' میں ایک پاؤ دہی ملا کر ہلکی آنچ پر جلا کر چھان لیا جائے اس کی خوشبو اور ذائقہ دیسی گھی جیسا بن جائے گا اور چینی کی بجائے بغیر کیمیکل والا گُڑ اور شکر استعمال کی جائے۔ زیادہ چینی اور شربت شوگر کا باعث ہو رہے ہیں۔ سستی کاہلی سے پرہیز کریں۔ بیڈمنٹن یا کوئی مناسب کھیل کھیلیں ہمیشہ تیز تیز چلنے کی عادت ڈالیں۔ تیز چلنا سنتؐ بھی ہے۔ گرمیوں میں بعض حضرات ورزش ترک کر دیتے ہیں یہ غلط ہے ہلکی ورزش ضروری ہے۔ کچھ لوگ آپ کو ایسے بھی نظر آئیں گے جو پرہیز نہیں کرتے اور عام پرہیز کرنے والے انسانوں سے دگنی بلکہ اس سے زیادہ غذا کھا کر تندرست و توانا ہوتے ہیں جیسے پہلوان، کھلاڑی، مزدور، محنت کش، کاشتکار اور فوجی حضرات ۔لطف کی بات یہ ہے کہ انکو بلڈ پریشر، شوگر وغیرہ کا کوئی مرض نہیں ہوتا اسکی وجہ یہ ہے کہ یہ جتنے غذائی حرارے ( کیلوریز) استعمال کرتے ہیں مشقّت ورزش سے غذا کے تمام حرارے خرچ کر کے تندرست، ہشاش بشاش اور ہلکے

پھلکے رہتے ہیں۔ اس کے برعکس کم غذا کھا کر آرام طلب اور سست دوستوں کے معدے بھی سست اور آرام طلب ہو جاتے ہیں۔ یہ غذا سے عمدہ خون کی بجائے ریاح، تبخیر اور تیزابیت پیدا کر کے دواؤں کے جرمانے بھرواتے رہتے ہیں۔ جیسے بیماری میں بد پرہیزی مضر ہے۔ اسی طرح تندرستی میں پرہیز مضر ہے۔

## ورزش نہ کرنے کے نقصانات

ورزش نہ کرنے سے خون میں چینی، چکنائی، نمک بڑھ کر ریح اور تیزابیت، شوگر، بلڈ پریشر، تبخیر اور امراض قلب کے عوارضات لاحق ہو جاتے ہیں۔ جیسا کہ آپ کا تجربہ ہے کہ کھیل کود، سیاحت شکار، ورزش اور تبلیغی سفروں میں ہاضمہ اچھا رہتا ہے اور تبخیر بھی خوب ٹھیک ہو جاتی ہے اور بھوک بھی خوب لگتی ہے۔ دراصل غذا مشقّت سے جلد ہضم ہو کر بدن کو چست اور ہشاش بشاش رکھتی ہے۔

## نفسیاتی علاج

امراض کی شدت محسوس کرنے کا کردار دل و دماغ اور اعصاب خاص طور پر ادا کرتے ہیں اگر دل و دماغ کے برتن کو بیکار خالی رکھیں گے تو امراض دماغی اور امراض جسمانی مثلاً خوف، ناامیدی، فکر، پریشانی، وحشت، خفقان، وسواس، مراق، تبخیر اور اعصابی تناؤ اس دل و دماغ کے برتن میں گھر کر جائیں گے۔ اگر اس دل و دماغ کے برتن کو کارآمد مصروفیات، یقین و ایمان، امید و اعتماد، جذبہ خدمت خلق، سکون، اطمینان، دُعا، ذکر، عبادت، تعلیم اور دینی دعوت سے پُر کرلیں۔ تو اس مصروف دماغ کے پاس سوچنے کا وقت ہی نہیں رہے گا اور یہ چیز اپنے اندر پیدا کرنے کیلئے صوفیائے کرام، علمی حلقوں، تبلیغی جماعت اور نیک لوگوں کی صحبت اختیار کرنے سے ہوگی۔ مالک پر یقین تمام جسمانی اور روحانی بیماریوں کا علاج ہے اور دل کی طاقت کا بے نظیر نسخہ ہے۔ دھیان اور توجہ سے اس کا نام بار بار لیں کہ مالک اس جامع ولامحدود صفات کاملہ کو کہتے ہیں جس میں ہر وہ صفت موجود ہے جس کی مخلوق کو ضرورت ہو۔ مثلاً مخلوق کو ضرورت ہے کہ وہ خلق کی جائے تو وہ خالق ہو۔ مخلوق کو ضرورت ہے کہ اس کی پکار سنی جائے تو وہ سمیع ہے۔ دیکھی جائے تو بصیر ہے مدد کی جائے تو ناصر ہو، ہدایت کی ضرورت ہو تو وہ ہادی ہے۔ مخلوق کو ضرورت ہے کہ ساتھی ہو جو ہر وقت ہر جگہ ہر حال میں ان کے ساتھ ہو اور کمزور غریب نہ ہو بلکہ طاقتور اور امیر ہو تو وہ قوی اور غنی ہے اور ساتھی بھی ایسا ہو جو نہ بوڑھا ہو نہ مرنے والا بلکہ خوبصورت ہو تو وہی حی القیوم اور صاحب جمال ہے۔ اس کا ہر فیصلہ حسین ہو۔

# دوستو، بزرگو اور بھائیو!

مالک طاقتور ہے اس نے انسان کو بھی طاقتور بنایا ہے۔ اتنا کمزور نہیں بنایا، جتنا ہم نے سمجھ رکھا ہے اس لیے بیماری اور دیگر عوامل سے نہیں ڈرنا چاہیے۔ تمام چیزیں اور بیماری مخلوق ہیں اور مخلوق محتاج ہے۔ محتاج شے کچھ نہیں کرسکتی نہ ہی نقصان پہنچا سکتی ہے اور نہ نفع، دوسری بات ذہن نشین کرلیں کہ مالک ہی مار سکتا ہے، بیماری خدا نہیں کہ مار ڈالے، اس لئے بیماری سے نہ ڈریں۔ بس بیماری میں مالک کے احکام پورے کریں۔ مالک اپنے حکم سے صحت اور کامیابی عطا فرمائیں گے۔ جو لوگ مالک کی حکمت تقسیم اور تقدیر پر راضی برضا ہو جاتے ہیں وہ رشتوں کے جھگڑوں، نفع ونقصان کے وسواس کہ مجھے رزق کی تنگی کیوں؟ فلاں کو زیادہ کیوں؟ حرص، حسد، گلہ، شکوہ، رنج، غم وغصہ سے نجات پا لیتے ہیں۔ صبر شکر کی زندگی گزارتے ہیں کہ مالک نے اپنے پیارے بندوں کو تھوڑا دے کر کامیاب کیا اور قارون جیسے کو زیادہ دے کرنا کام کیا۔ حسد، بخل، گناہ کا احساس اور غصے سے دل ودماغ، آنتوں میں انقباض اور کھچاوٹ جیسے مضر صحت عوارض پیدا ہو جاتے ہیں ان سے بچیں۔ کھانا کھاتے وقت دماغ کو تفکرات غصہ وغیرہ سے پاک رکھیں۔ اللہ پاک نے فرمایا ہے کہ

”اے فرزندِ آدم!
روزی کا غم نہ کھا میرا خزانہ بھرا ہوا ہے اور میرا خزانہ کبھی خالی نہ ہوگا“

# علاج دوا سے

دواؤں کے انتخاب میں اس بات کا خاص خیال رکھیں۔ معدہ، جگر اور آنتوں میں اتنی صلاحیت اور قوت پیدا کریں کہ یہ اعضاء اپنی طاقت سے غذا کو ہضم کریں۔ صرف دواؤں سے غذا کو ہضم کرنے کا عادی نہ بنائیں۔ مندرجہ ذیل تدابیر اختیار کرنے سے کمزور اور تھکے ہوئے معدہ میں بھرپور قوت بحال ہونے تک دوا استعمال کرنے کی ضرورت پڑے گی۔ بعض مریضوں میں بدہضمی، تبخیر تیزابیت اور کمزوری پرانی پیچش کی وجہ سے ہوتی ہے۔ پرانی پیچش کے مریض بھی اپنے آپ کو تبخیر کا مریض سمجھتے ہیں۔ اس صورت میں صرف پیچش کے علاج سے ان شکایات کا ازالہ ہو جاتا ہے۔ ورزش نہ کرنے یا ہضم کی کمزوری کی وجہ سے معدہ، جگر اور آنتیں سست ہو جاتی ہیں۔ پٹھوں میں خون کا دوران سست اور کمزور پڑ جاتا ہے۔ اس مقصد کیلئے قرص ”اکسیر تبخیر معدہ فیروزی“ استعمال فرمائیں۔

# قرص اکسیر تبخیر معدہ فیروزی کے خواص

قرص ”اکسیر تبخیر معدہ فیروزی“ میں قدرتی ہاضم جڑی بوٹیاں شامل ہیں۔ جو آپ کے کمزور معدہ جگر اور آنتوں کو طاقت دے کر غذا ہضم کرنے کی استعداد پیدا کرتے ہیں۔ قرص ”اکسیر تبخیر معدہ فیروزی“ ہاضم اور مفرح ہے۔ مقوی قلب ہے۔

قرص ''اکسیر تبخیر معدہ فیروزی'' بے خوابی، وحشت، خفقان، ریاح، بادی، تیزابیت، وسواس، اپھارے کیلئے مفید ہے۔ رطوبت معدی یعنی گیسٹرک جوس کی افزائش کر کے ہضم کے فعل کو درست کرتی ہے۔قرص ''اکسیر تبخیر معدہ فیروزی'' جگر کے خلیات کو تحریک دیکر قبض کو دور کرتی ہے۔قرص ''اکسیر تبخیر معدہ فیروزی'' بدن کے فاسد غلیظ مادوں کو گردوں، مسامات اور پھیپھڑوں کے ذریعے نکال کر خون کو صاف کرتی ہے قرص ''اکسیر تبخیر معدہ فیروزی'' میں قدرتی حیاتین یعنی وٹامن (سی) شامل ہے۔ جو بینائی کیلئے مفید ہے۔ تبخیر، ریاح اور گیس کو خارج کرنے کیلئے قرص ''اکسیر تبخیر معدہ فیروزی'' استعمال فرمائیں۔

☆☆☆

# اصلی بوہڑ کے دودھ والی گولیاں مغلّظ

بوہڑ کے دودھ اور قیمتی مغلّظ ادویہ کا قیمتی مرکب ''اصلی بوہڑ کے دودھ والی گولیاں مغلّظ'' تین قسم کے جریان میں مفید ہیں۔

1۔جریان منی:۔ منی لیس دار سفید دودھیا (Milky) رنگ کی ہوتی ہے۔

2۔جریان مذی:۔ مذی شفاف گاڑھی لیس دار پانی (Water) کے رنگ کی ہوتی ہے۔

3۔جریان ودی:۔ یہ بھی شفاف کم گاڑھی اور کم لیس دار ہوتی ہے۔

جریان منی، جریان مذی اور جریان ودی کا سبب

1۔حس کا بڑھ جانا 2۔خون کا پتلا ہونا

3۔منی اور مذی کی تھیلیوں اور رگوں کی لچک (Elasticity) کا کم ہو جانا

4۔جنسی اعضاء کا ڈھیلا ہو جانا

## فوائد

(1)......ان سب شکایات اور کثرت مذی، دھات جریان، احتلام اور سرعت انزال، پیشاب کے بعد قطرے روکنے کیلئے ''اصلی بوہڑ کے دودھ والی گولیاں مغلّظ'' استعمال کریں۔

(2)......''اصلی بوہڑ کے دودھ والی گولیاں مغلّظ'' مادہ منویہ کو گاڑھا کرتی ہیں۔

(3)......''اصلی بوہڑ کے دودھ والی گولیاں مغلّظ'' حس کے بڑھ جانے اور جذباتی ہیجان (Over Excitement) کو دور کر کے اعصاب اور اعضاء کو اعتدال پر لاتی ہے۔

(4)......''اصلی بوہڑ کے دودھ والی گولیاں مغلّظ'' پیشاب کی زیادتی اور قطروں کو کنٹرول کرتی ہیں۔

(5)......''اصلی بوہڑ کے دودھ والی گولیاں مغلّظ'' ڈھیلے اعضاء کو سکیڑ کر تنگ اور چست کر کے مضبوط بناتی

ہیں اور بغیر ارادے کے خارج ہونے والی منی کو روکتی ہیں۔

(6)......''اصلی بوہڑ کے دودھ والی گولیاں مغلّظ'' بچوں اور بڑوں میں بولِ بستری (بستر پر پیشاب نکل جانے) کیلئے مفید ہیں۔

## دوستو!

زنا آنکھ سے شروع ہوتا ہے اور ہم آنکھ کے غلط استعمال سے یہ بیماری پیدا کرتے ہیں۔جس کا جرمانہ ہم دنیا میں حکیموں اور ڈاکٹروں کو بھرتے ہیں اور مرض کے اصل سبب یعنی غلط دیکھنے یا غلط سننے کے علاج کی فکر نہیں کرتے ،تیسرا سب سے بڑا جرمانہ یہ ہے کہ آخرت میں غلط دیکھنے والی آنکھ،کان جو ناپاک ہیں ، مالک کو جو پاک ہیں دیکھنے کے اہل نہ ہوں گے ۔انہیں دوزخ میں ڈال کر پاک کیا جائے گا۔ان دونوں چھوٹی بڑی سزاؤں سے بچنے کیلئے آنکھ نیچی رکھنا ضروری ہے اور یہ صفت آپ کے اندر نیچی آنکھ رکھنے والوں کی صحبت سے پیدا ہوگی۔اس پرہیز کے ساتھ ''اصلی بوہڑ کے دودھ والی گولیاں مغلّظ'' مالک کے حکم سے مرض کو دور کر کے زندگی کی تگ ودو میں معاون ثابت ہوں گی۔ جب تک مکمّل آرام نہ آئے دوا کا استعمال جاری رکھیں۔ یہ پورے بدن کو مضبوط کرنے اور بطور جنرل ٹانک بچوں،عورتوں، بوڑھوں کیلئے بھی استعمال کی جاسکتی ہیں۔

## نوٹ

اگر قبض کی وجہ سے زور لگانے سے منی کی تھیلی کے دب جانے سے منی یا مذی کے قطرے آجائیں تو یہ جریان حقیقی نہیں۔ بلکہ جریان بوجہ قبض ہے۔صرف قبض کا علاج کروائیں یا اس کیلئے قرص ملین استعمال کریں۔

اکثر حضرات پیشاب سے فارغ ہونے کے بعد اٹھ کھڑے ہوتے ہیں۔مٹی کا ڈھیلا یا کوئی جاذب چیز استعمال نہیں کرتے اور آخری چند قطرے ناپاک کرتے ہیں اور پیشاب کی نالی میں خراش،ورم زخم، ذکاوتِ حس، جریان کا باعث بنتے ہیں۔3 منٹ مٹی کا ڈھیلا یا ٹشو پیپر استعمال کرنے کے بعد بھی قطرے آجائیں تو ''اصلی بوہڑ کے دودھ والی گولیاں مغلّظ'' استعمال کی جاسکتی ہیں۔

## توجہ

مہینے میں تین بار احتلام کا ہونا بیماری نہیں۔کبھی کبھی مذی یا منی کے قطروں کا آجانا بھی بیماری نہیں ہے۔اس کیلئے پریشان نہ ہوں۔وہم میں مبتلا نہ ہوں۔سنت طریقہ یہ ہے کہ اعضائے تناسل اور گندگی کو دیکھئے ہی مت اس سے نگاہ کمزور ہوگی اور وہم میں مبتلا ہوں گے۔

بعض حضرات کو مسلسل روزانہ یا تیسرے چوتھے روز احتلام ہوا کرتا ہے۔اس کا سبب اکثر معدہ،

جگر، آنتوں کی کمزوری، پیٹ میں ریح، گیس اور تیزابیت کا پیدا ہونا ہوا کرتا ہے۔ ایسے میں سب سے پہلے اصول علاج کے مطابق رات کا کھانا جلد کھائیں، کھانا کھاتے ہی سو جانا مناسب نہیں۔ صبح و شام کی دوڑ اور پی ٹی ورزش بھی ان تکالیف کا مستقل اور فائدہ مند عمل ہیں۔ بعض دوستوں کو پیشاب کے بعد آٹا ملا ہوا یا چونا ملا ہوا گدلا پیشاب آتا ہے۔ یہ جریان حقیقی نہیں بلکہ اس مادے کو فاسفیٹ کہتے ہیں۔ یہ صرف ہاضم ادویہ سے ٹھیک ہو جاتا ہے۔ پریشان ہونے کی ضرورت نہیں۔ اگر خون کمزوری کی وجہ سے پتلا بے طاقت ہے اور ہضم خراب ہے تو قرص ''فولاد ہاضم'' استعمال کریں۔

حکیم اجمل خانؒ کا قول ہے کہ ''ممسک اور مغلّظ دواؤں کی بجائے نظام ہضم کو ٹھیک کریں۔ صحیح ہضم سے صحیح خون اور صحیح منّی پیدا ہوگی۔'' رات کو سونے سے پہلے دودھ پینے سے ہضم بگڑ جاتا ہے۔ دودھ کو شام کی غذا کیساتھ پینا چاہیے۔ رات کا کھانا کھاتے ہی سو جانا باعثِ احتلام ہے۔

☆☆☆

# قرص فولاد ہاضم

## خون کی کمی پوری کرنے کی مؤثر دوا

قرص ''فولاد ہاضم'' میں خون کی کمی پوری کرنے کیلئے جڑی بوٹیاں اور آئرن شامل ہیں جو کمزور معدہ، جگر، اور آنتوں کے افعال کی اصلاح کرتی اور طاقت بخشتی ہیں۔ قرص ''فولاد ہاضم'' آپ کی قوت جاذبہ اور ہضم کے عمل کو درست کر کے بدن میں صالح اور عمدہ خون پیدا کرنے کی خاص دوا ہے۔ قرص ''فولاد ہاضم'' خون کی کمی سے پیداشدہ عوارضات کو بہت بہتر بطور پر ختم کرتی ہے۔ عمدہ کھانے کے باوجود اگر غذا ہضم نہ ہوتی ہو تو قرص ''فولاد ہاضم'' غذا کو ہضم کر کے جزو بدن بنانے کیلئے انتہائی مؤثر ہے۔ قرص ''فولاد ہاضم'' وزن بڑھانے اور بدن میں صالح اور عمدہ خون پیدا کرنے کی خاص دوا ہے۔ قرص ''فولاد ہاضم'' وزن بڑھانے اور بدن کو مضبوط بنانے اور بالخصوص جن شہروں کے پانی میں فولاد کی کمی ہو، یرقان، بخاروں اور بیماری سے پیداشدہ کمزوری، خون ضائع ہونے کی صورت میں قرص ''فولاد ہاضم'' اس کمی کو پورا کرتی ہے۔ قرص ''فولاد ہاضم'' خواتین میں دوران حمل اور دودھ پلانے کے زمانے میں زائد فولاد کی ضرورت پوری کر کے ماں اور بچے کو صحت مند رکھتی ہے۔ اس مہنگائی کے زمانے میں سفید پوش عیالدار آدمی کے لئے روزانہ پھلوں کا میسر آنا اور خریدنا آسان نہیں۔ اس لیے قرص ''فولاد ہاضم'' استعمال کر کے اس سے بھرپور فائدہ اٹھایا جا سکتا ہے۔ جن بچوں کو بھوک نہیں لگتی اور جسمانی نشوونما نہیں ہوتی ان کیلئے بھی آزمودہ دوا ہے۔ فولاد ہاضم کو بچے رغبت کے ساتھ چوس لیتے ہیں۔

☆☆☆

# قرص سلاجیت فولادی

## اعصابی قوت وتوانائی کیلئے مؤثر دوا

☆...... قرص ''سلاجیت فولادی'' اپنے محرک اورمقوی اثرات کے تحت اعصاب میں تحریک (Nervine Stimulation) پیدا کرکے تکان اورسستی کودورکرتی ہے۔

☆...... جسم کونئی توانائی دیتی اورسوئی ہوئی قوتوں کو بیدار کرتی ہے

☆......حرارت غریزی (Vital Heat) کو بڑھاتی ہے۔

☆......ضعف باہ اوراعصابی کمزوری کے شاکی حضرات کیلئے انتہائی مفیددواہے۔

☆......قرص ''سلاجیت فولادی'' جسم وجوڑوں کے درداورکمردردمیں مفید ہے۔

☆...... ادھیڑعمری سے شروع ہونیوالے عوارضات میں ایک بہترین اعصابی ٹانک ہے۔

☆......قرص ''سلاجیت فولادی'' مردوخواتین دونوں کیلئے یکساں مفیددواہے۔

☆☆☆

# قرص صدف فیروزی

آج کل لیکوریا کامرض بہت عام ہے جس کا سبب جسم میں کیلشیم کی کمی ہے۔کیلشیم انسانی جسم کی اہم ضرورت ہیں اور یہ دونوں اجزاء انسان کوتندرست وتوانااورچاق وچوبندرکھنے میں نہایت اہم کرداراداکرتے ہیں۔اگرکسی وجہ سے ان دونوں اجزاء کی جسم میں کمی ہوجائے توانسان طرح طرح کے امراض جن میں کمی خون، یرقان، دل ودماغ کی کمزوری، چکرآنے، سانس پھولنے، دل کاتیزدھڑکنا، کمزوری، جسمانی درد، چڑچڑاپن کامرض شامل ہیں پیدا ہونا شروع ہوجاتے ہیں۔کیلشیم ہم روزمرہ کی غذاؤں، پھلوں، سبزیوں، دودھ وغیرہ سے حاصل کرتے ہیں لیکن بدقسمتی سے آج خالص غذاؤں کاحصول ناممکن یامشکل ہوچکاہے اورآدھی سے زیادہ آبادی غذائی قلت کاشکارہے۔''قرص صدف فیروزی'' کیلشیم کی کمی پوری کرنے کیلئے بچوں اورمردوں کیلئے بھی مفید ہے۔

فیروزاجملی دواخانہ ملتان کی تیارکردہ ''قرص صدف فیروزی'' خواتین کے مرض لیکوریا سے نجات حاصل کرنے کیلئے عرصہ درازسے تجربے میں ہے۔

قرص ''صدف فیروزی'' میں موجودکیلشیم اوردیگرجڑی بوٹیوں کے اہم اجزاءخواتین میں کیلشیم کی

کمی پورا کر کے چہرے کو بارونق اور سرخ وسفید بنانے کیساتھ ساتھ لیکوریا جیسے موذی مرض سے نجات دلاتی ہے۔خون کو طاقت ور بنا کر رحم کی کمزور جھلیوں کو تقویت دیتی ہے۔حمل اور پھر دودھ پلانے کے زمانہ میں جب خواتین کو ان اجزاء کی عام دنوں سے زیادہ ضرورت ہوتی ہے اس ضرورت کو پورا کرتی ہے قرص ''صدف فیروزی''، حمل کے دوران بچے کی بہتر نشوونما میں مدد دیتی ہے۔قرص ''صدف فیروزی'' نہ صرف خواتین کی صحت بحال کرتی ہے بلکہ روزمرہ زندگی میں معمول کے کاموں کیلئے چاق وچوبند اور چست رکھتی ہے۔اگر لیکوریا میں پیلا، بدبودار، پھٹکیوں والا مادہ خارج ہوتا ہے تو یہ انفیکشنل لیکوریا کہلاتا ہے۔ایسے میں اپنے معالج کو آگاہ کرنا ضروری ہے کہ وہ مصفّی خون دوا (Antibiotics) کھانے اور رحم میں رکھنے کی دوا تجویز کر سکے۔لیکوریا کے علاج میں یہ اہم نقطہ ہے۔

☆☆☆

# قرص ریح ہاضم

فوری اثر کیلئے تمام اقسام کے ریاحی دردوں، جوڑوں کے درد، بدہضمی، گیس، اپھارہ، بادی پن، ہسٹریا، باؤ گولا، قبض اور پیٹ بڑھ جانے میں مفید ہے۔موٹاپا کم کرتی ہے،اس کے علاوہ ریح سے متعلّق شکایات کم کر کے طبیعت میں فرحت پیدا کرتی ہے یہ ہضم کے عمل کو تیز کرتی ہے جس کی وجہ سے غذا مقررہ مدت سے زیادہ دیر آنتوں میں قیام نہیں کر پاتی اور صحیح وقت پر براز کا اخراج کروا کر گیس کی تکلیف سے نجات دیتی ہے۔

☆☆☆

# قرص ممسک فیروزی

## قدرتی اور فوری امساک کیلئے

فیروزاجملی دواخانہ ملتان نے جدید طبی تحقیق کی روشنی میں یہ دوا تیار کی ہے۔اس میں جن اجزاء کا انتخاب کیا گیا ہے وہ نشہ آور اور مضر اثرات سے پاک ہیں اور قدرتی امساک کو بحال اور سرعت انزال، زود حسی واعصابی کمزوری کا مکمّل علاج ہیں۔قرص ''ممسک فیروزی'' فوری اور قدرتی امساک پیدا کرتی ہے۔کثرت احتلام، جریان کی زیادتی، سرعت انزال اور نو جوانی کی غلط کاریوں سے اعضائے تناسل اور اعضائے رئیسہ میں جو ضعف آ جاتا ہے اسے رفع کرتی ہے۔ممسک اور مقوی باہ ہے۔پیشاب کے

بار بار آنے میں فوری فائدے کیلئے زود اثر دوا۔

## امساک کیا ہے؟

جدید تحقیق کی روشنی میں کسی مرد وعورت کا ذہنی ہم آہنگی کے ساتھ 2 تا 5 منٹ تک مسلسل مشغول رہنا قدرتی امساک کہلاتا ہے۔ وہ تصور جو میڈیا کے غلط استعمال سے پیدا ہو چکا ہے کہ دوا ایسی ہو جو گھنٹوں آپ کو مشغول رکھے یہ ایک غیر فطری طلب و سوچ ہے ۔ اگر جسم انسانی سے غیر فطری کام لیے جائیں تو سارا نظام بگڑ جاتا ہے اور مختلف عوارضات رونما ہونا شروع ہو جاتے ہیں۔ جن میں اعصابی تکلیف ہائی بلڈ پریشر، دل کے امراض، گردوں کے امراض وغیرہ شامل ہیں۔ بعض ادویات میں منشیات ہونے کی بناء پر اس کا عادی ہو جانا بھی شامل ہے۔ نیز گھنٹوں کا جماع جنس مخالف کیلئے بھی تکلیف اور بیزاری کا سبب بنتا ہے جو بعد میں جنسی بے رغبتی کی صورت میں سامنے آتا ہے یہ قرص غدودوں کو تحریک دیکر زائل شدہ توانائی کو بحال کرتی ہے۔

☆☆☆

# قرص مصفّی خون

قرص ''مصفّی خون'' خون کی خرابی، الرجی، کیل، چھائیوں، مہاسے، پھوڑے پھنسی چنبل ، بواسیر خونی و بادی کیلئے بہترین مصفّی خون دوا ہے۔ دیسی انٹی بائیوٹک ہے۔ یہ جگر کو مزید فعال بناتی ہے تاکہ مضر مواد جلد جسم سے رفع ہو جائے اور مذکورہ بالا بیماریوں کا سبب نہ بنے اور آنتوں کو فعال بنا کر فاسد مادوں کو جذب کرنے کی بجائے اخراج کروا کر تسکین کا باعث بنتی ہے۔ یہ پیپ کو خشک کرتی ہے اور مذکورہ بالا تکالیف سے ہونیوالی خارش اور سوجن کو رفع کرتی ہے۔

☆☆☆

# قرص ملین

قرص ''ملین'' (نفیس قبض کشا) آنتوں میں تحریک بڑھانا اسکا خاص اثر ہے۔ یہ بغیر درد کے رفع حاجت اور ریاح کا اخراج کرتی ہے۔ ریح، بادی، بڑھے ہوئے پیٹ اور جسم کو چھانٹتی ہے۔

☆☆☆

# قرص یورک اِل

## (یورک ایسڈ کی مفید اور مئوثر دوا)

دور حاضر میں موجود عام مرض ''جوڑوں کے درد'' میں خاص طور پر مفید ہے۔ یہ یورک ایسڈ کی پیدائش کو روکتی ہے اور جسم میں موجود یورک ایسڈ کو براستہ براز و بول خارج کر کے جوڑوں کے درد میں آرام مہیا کرتی ہے۔ پٹھوں، ایڑیوں، گھٹنوں، ہاتھ اور پاؤں کی انگلیوں میں اور دیگر جوڑوں کے درد میں مفید ہے۔ یہ تھکن کو کم کرتی ہے جسم کو چست کرتی ہے۔ نقرس اور گنٹھیا میں فائدہ پہنچاتی ہے۔ ہاضمے کی اصلاح کر کے یورک ایسڈ کی پیدائش کو روکتی ہے۔ یورک اِل کے استعمال کے دوران چاول اور ہر قسم کے گوشت، چنے کی دال اور ماش کی دال سے پرہیز کریں۔ جو کا استعمال بڑھا دیں۔

☆☆☆

# قرص پائلٹرم

بواسیر خواہ خونی ہو یا بادی ایک تکلیف دہ مرض ہے جو کہ قبض کی وجہ سے بوقت رفع حاجت بار بار اور مسلسل زور لگانے سے پیدا ہوتا ہے۔ مقعد میں موجود رگیں اور جلد پھول کر باہر کی طرف نکل آتی ہیں اور مسلسل تکلیف کا باعث بن جاتے ہیں جبکہ براز خارج نہیں ہوتا یا بہت کم مقدار میں خارج ہوتا ہے۔

پائلٹرم بواسیر خونی و بادی کی اعلیٰ و نفیس دوا ہے۔ یہ مقعد سے براز کا گزرنا آسان بناتی ہے۔ بوقت رفع حاجت زور لگانے کی تکلیف سے نجات دیتی ہے۔ بواسیر کے مسے کو نرم کر کے آہستہ آہستہ ختم کرتی ہے۔

پائلٹرم کو قرص ملین اور سفوف تیز ابیت کے ساتھ استعمال کرنے سے مرض اور تیزی سے رفع ہوتا ہے۔

**پرہیز:**

لال مرچ، گرم مصالحہ، چائے، تلی ہوئی، دیر ہضم بادی اشیاء استعمال نہ کریں۔ سالن میں سوکھا، ہرا دھنیا، آلو بخارے، ہلدی شامل کریں۔

موسم کے پھل اور سبزیاں کھانے سے بھی مرض دور کرنے میں مدد ملتی ہے۔

☆☆☆

# خمیرہ یاقوتی جواہر دار

مفرح ومقوی دل ودماغ اوراعصاب

خمیرہ یاقوتی جواہردار مفرح ومقوی قلب ودماغ جڑی بوٹیوں اور بہترین حیوانی ومعدنی کیلشیم کا مرکب ہے۔ جو تفریح وسکون قلب ودماغ کیلئے فوری اثر کرتا ہے۔ ذہنی وجسمانی تکان کمزوری، دباؤ کی وجہ سے ہونیوالی دل کی بے قاعدگی، تیز دھڑکن اور کمزوری کو دور کرتا ہے پریشان حالات، بے چینی، گھبراہٹ، قوت حافظہ کی کمزوری میں مفید ہے۔ بیماری سے پیدا ہونیوالی کمزوری میں فوری تقویت بخشتا ہے۔ پرانی کھانسی، نزلہ اور پھیپھڑوں کی کمزوری کو رفع کرتا ہے۔

## اثرات

اس میں دیگر جڑی بوٹیوں کے علاوہ ابریشم صندل، زعفران اور ورق چاندی شامل ہیں جو کہ دل کی ضربات کو منظّم کرتے ہیں۔ خون کی نالیوں اور دل کے دریچوں (Valves) کی سختی دور کرکے لچک پیدا کرتے ہیں۔ بینائی اور حافظے کو ترقی دیتے ہیں۔ دماغی کام کرنیوالے حضرات کیلئے مؤثر، ضعف قلب وسینہ کو دور کرکے دم پھولنے اور سانس چڑھنے کو مفید ہے۔ اس میں عقیق، مرجان، زمرد، یاقوت، زہرمہرہ خطائی، یشب سبز اور صدف مروارید جیسے قیمتی جواہرات شامل کیے گئے ہیں۔ اس میں شامل جواہرات جسم کی اکثر معدنی (Minerals) ضروریات کو پورا کرتے ہیں۔ بچوں کے دانت نکلنے کے زمانے اور خواتین کیلئے دوران حمل خصوصیت سے مفید ہے۔

مشورہ:۔ دل کی طاقت اور سکون کیلئے ذکر الٰہی ومراقبہ کریں۔ صبح وشام کی سیر دل کی تکالیف کا مستقل علاج ہے۔

☆☆☆

# سفوف یوروسٹون

(گردہ، مثانہ، پتے کی پتھری کیلئے آزمودہ دوا)

''یوروسٹون'' یونانی ادویہ کا بے ضَرر اور کثیر النفع مرکب ہے۔ ''یوروسٹون'' گردہ، مثانہ، حالبین اور پتے کی پتھریوں کو حل کرکے ریت بنا کر خارج کرنے کیلئے عرصہ دراز سے تجربے میں ہے۔ ''یوروسٹون'' گردہ، مثانہ اور حالبین (Ureter) کو کھول کر تشنّج (Spasm) کو ختم کرکے پتھری کے درد اور اخراج میں سہولت پیدا کرتی ہے۔ خاص طور سے ''یوروسٹون'' یورک ایسڈ کی پتھریوں کو جو سرخی مائل ہوں کو خارج کرنے میں مؤثر ہے۔ اس کے علاوہ تمام قسم کی پتھریوں کو گردوں سے خارج کرنے کیلئے فائدہ مند ہے۔

نوٹ:۔ پتھری خواہ کسی قسم کی ہو اور ابھی آپریشن کا سوچا جا رہا ہو اس دوران کسی بھی دواخانے یا پنسار سٹور سے فیروزا جملی کی یوروسٹون سفوف کی دوا اور قرآنی دعاؤں کو ضرور موقع دینا چاہیے۔اس کوشش کے باوجود افاقہ نہ ہو تو آپریشن لازم ہو جاتا ہے۔

☆☆☆

# سفوف دوائے پتھری

گردہ،مثانہ، پتے کی پتھری کے خارج کرنے کیلئے مفید اور آزمودہ دوا ہے۔ پیشاب کھولتی ہے۔ ریح گردہ کیلئے اکسیر اور بار بار پتھری پیدا ہونے کے عمل کو روکتی ہے۔ گردوں سے بادی اثرات کو کم کرتی ہے۔ یہ گردوں کے سرد مزاج کو رفع کرتی ہے اور حرارت غریزی کو دوبارہ پیدا کرنے میں مفید ہے۔

☆☆☆

# سفوف ہاضم پھکی

معدہ،جگر اور آنتوں کو قوت دیتی ہے۔گیس کو تحلیل کرتی اور بھوک کو بڑھاتی ہے۔اپھارے اور پیٹ درد میں فوری آرام کیلئے مفید ہے اس کے ہمراہ ''سیرپ پیپرمنٹ'' استعمال کریں۔

☆☆☆

# سفوف ٹون سیٹ (دوائے حلق)

گلے میں ریشہ گرتے رہنے کی تکلیف میں فوری اثر دوا ہے۔ (Tonsillitis) ورم لوزتین اور (LOOSENESS OF UVULA) یعنی حلق کا کوّا ڈھیلا ہو جانے سے جو نزلہ، کیرا، خراش دار کھانسی اور درد ہوتا ہے کو رفع کرتا ہے

☆☆☆

# سفوف محلل اورام

اندرونی زخموں اور ورموں کیلئے مفید ہے۔ معدے، جگر، آنتوں، تلی کے ورم، سینے کی جلن، دکھن ، پرانی پیچش میں مفید ہے۔اس میں موجود اجزاء معدے کی بڑھی ہوئی تیزابیت کو اعتدال پر لاتے ہیں اور زخم کو جلد مندمل ہونے میں مدد فراہم کرتے ہیں۔

☆☆☆

# سفوف تبخیر برائے تیزابیت

معدہ اور آنتوں کی بڑھی ہوئی تیزابیت، معدہ اور سینے کی جلن، دکھن، بدہضمی اور قبض میں فوری فائدے کیلئے انتہائی مؤثر۔ یورک ایسڈ کی زیادتی کی وجہ سے بننے والی پتھریوں اور جوڑوں کے درد میں مفید ہے۔ رفع حاجت کو آسان بناتا ہے اور پیشاب کی جلن میں بھی مفید ہے۔ اس کے علاوہ منہ کا کڑوا ذائقہ، ہاتھ پاؤں کی جلن میں مفید ہے۔ یہ جسم کے بڑھے ہوئے صفراوی یا سوداوی مزاج کو اعتدال پر لاتا ہے اور ان سے پیدا ہونیوالے عوارضات کو ختم کرتا ہے۔☆

☆☆☆

# سفوف مغلّظ

سفوف مغلّظ مردانہ امراض جن میں منی کا پتلا ہونا، انتشار ہو کر جلد ختم ہونا، بار بار بلا ارادہ اخراج ہونا، جسم کا سوکھا پن اور غذائی کمی میں مفید ہے۔ یہ مادہ منویہ کا قوام درست کر کے مردانہ طاقت میں اضافہ کرتا ہے۔ سفوف مغلّظ کو بوہڑ کے دودھ والی گولیوں کے ساتھ استعمال مرض کو جلد رفع کرتا ہے۔

☆☆☆

# سفوف سپاری پاک

یہ قرابادینی مقوی ءرحم اور مقوی ءبدن ٹانک عرصہ دراز سے طب میں مستعمل ہے۔ (1) لیکوریا میں مفید ہے جو کہ دور حاضر کی خواتین میں عام مرض ہے۔ (2) رحم کو مضبوط بناتا ہے۔ یہ استقرارِ حمل کیلئے بہترین معاون ٹانک ہے اور دوران حمل محافظ حمل ہے۔ جسم کو مضبوط اور سڈول بناتا ہے۔ (3) بچے کی پیدائش کے بعد ہونے والے عوارضات میں مفید ہے۔☆

☆☆☆

# سیرپ سلاجیت ٹانک

سیرپ سلاجیت ٹانک بنیادی طور پر عصبی نظام کو تحریک دیکر غدودی افرازات (Glands Secrations) کے افعال کو منظّم و محرک کر کے عام جسمانی کمزوری، لو بلڈ پریشر، تھکن، فالج، لقوہ، ضعف باہ اور بانجھ پن میں مردوں اور عورتوں کیلئے یکساں مفید ہے۔ بچوں میں کھانسی، نمونیا، پولیو اور سوکھے پن میں دوران مرض

اور حفظ ماتقدم کے طور پر دے سکتے ہیں۔40 سال سے اوپر کے خواتین وحضرات اس کا استعمال جنرل ٹانک کے طور پر کر سکتے ہیں۔طبیعت کو ہشاش بشاش رکھتا ہے۔کمزور بچوں کیلئے نشو ونما کیلئے بھی مفید ہے۔

☆☆☆

## اکسیر جگر فولادی سیرپ

☆......مقوی جگر و معدہ دوا ہے جو جڑی بوٹیوں کا نفیس مرکب ہے۔

1: یہ جگر کے افعال کو چستی فراہم کرتا ہے۔

2: اس کے علاوہ لبلبہ، معدہ، چھوٹی آنتوں اور لعاب پیدا کرنے والے غدود کے خامروں (انزائمز) کو صحیح مقدار میں بڑھا کر اسکی کارکردگی متوازن کرتا ہے۔

3: یہ جگر میں موجود رطوبات کو بڑھا کر بھوک بڑھانے کا باعث بنتا ہے۔

4: ایسے افراد جن کو بھوک کم لگتی ہو اور وزن نہ بڑھتا ہو اُن کیلئے مکمّل غذا جیسی دوا ہے۔

5: ''اکسیر جگر فولادی سیرپ'' خون کے سرخ ذرات کی نشو ونما کرتا ہے۔

☆☆☆

## سعالی سیرپ

نزلہ، زکام، کھانسی، بلغم، کیرا اور بلغمی دمہ کیلئے شافی دوا ہے۔جب ٹانسلز کا آپریشن لازم ہو جائے اس وقت میں بھی ''سعالی سیرپ'' کا کثرت سے استعمال اکثر نفع بخش ثابت ہوتا ہے۔یہ پھیپھڑوں کو تقویت فراہم کرتا ہے۔اور بلغم کی پیدائش کو روکتا ہے جس سے پھیپھڑے میں آکسیجن درست مقدار میں جذب کر کے سانس لینے میں سہولت پیدا کرتا ہے۔

نوٹ:۔(حلق کی خراش) اکثر حضرات شکایت کرتے ہیں کہ کھانسی کا علاج کروایا لیکن آرام نہیں آیا۔اصل میں اس کی وجہ حلق کے کوّے (Uvula) کا ڈھلک جانا یا ڈھیلا ہو جانا ہوتا ہے۔اس کیلئے ''ٹون سیٹ'' (دوائے حلق) استعمال کریں۔انشاءاللہ فوری فائدہ ہوگا۔

☆☆☆

## محلل اورام سیرپ

معدے اور آنتوں کے ورم، زخم معدہ وامعاء، آنتوں کی سوزش، پیچش اور سنگرہنی کیلئے مفید ہے۔غشاء

مخاطی کا ورم دور کرتا ہے۔ ورم رحم (Utritis)، ورم قاذفین (Fallopian Tubes) میں اس کا استعمال شافی و مؤثر علاج ہے اور تمام قسم کے اندرونی ورموں کیلئے استعمال کر سکتے ہیں۔ معدے کی تیزابیت کم کر کے معدے کے زخم کو جلد ٹھیک ہونے میں مدد دیتا ہے۔ معدے اور آنتوں کے گرم مزاج کو اعتدال میں لاتا ہے آنتوں کی بڑھی ہوئی حرکت دودیہ (Peristaltic Motions) کو کم کرتا ہے۔ پیچش، سنگرہنی میں بار بار رفع حاجت کے عمل کو ختم کرتا ہے۔

☆☆☆

## مصفّی خون سیرپ

پھوڑے، پھنسی، خارش، (الرجی)، خون کی خرابی، کیل مہاسے اور چھائیوں کی شکایت میں مفید ہے۔ جسم سے فاسد مادوں کو خارج کر کے جلد اور بدن کی حفاظت کرتا ہے۔ بواسیر میں بھی مفید ہے دائمی قبض میں مفید ہے۔ دیسی اینٹی بائیوٹک ہے۔ چہرے کے رنگ میں نکھار لاتا ہے۔ جسم کے بڑھے ہوئے صفراء و سوداء کو خارج کرتا ہے اور جلد کو ملائم بناتا ہے۔ اس میں موجود جڑی بوٹیاں جسم کی بڑھی ہوئی حدت کو کم کرتی ہیں۔ مزید اچھے نتائج کیلئے ''سفوف تبخیر برائے تیزابیت'' اور ''قرص مصفّی خون'' کیساتھ استعمال کریں۔

☆☆☆

## پیپرمنٹ سیرپ

چائے، بوتل، کافی، گرم مسالے، فاسٹ فوڈز کے استعمال اور تیز طریقہ زندگی سے بدہضمی اور سینے کی جلن ہونا عام مرض بن چکا ہے۔

سیرپ پیپرمنٹ بدہضمی دور کرنے کیلئے اعلیٰ دوا ہے جو کہ دافع تیزابیت ہے۔ غذا کو جلدی اور بغیر جلن کے ہضم کرنے میں مفید ہے۔ یہ سینے کی جلن سے نجات دیتا ہے۔

معدے اور آنتوں کے زخم و جلن میں اس کا عمل تیز کرنے کیلئے سیرپ محلل اورام اور سفوف محلل اورام کے ساتھ استعمال کریں۔ اس پرچے کے آخر میں تحریر مسالہ اور پرہیز پر عمل کریں۔

دیرپا نجات کیلئے دوا 24 یوم پرہیز کے ساتھ استعمال کریں اور آرام آنے کے بعد دو ماہ صرف پرہیز کریں۔

☆☆☆

## اعصابی ٹانک سیرپ (شوگر فری)

آج کی تیز رفتار زندگی جس میں مکمّل غذا اور مکمّل نیند خواب ہو کر رہ گئی ہے۔ اعصابی توڑ پھوڑ، خوشی وانبساط کی کمی، خوش مزاجی، دل لگا کر کام کرنے کی صلاحیت و مزاج ناپید ہو گئے ہیں۔ ایسے حالات میں ''اعصابی ٹانک'' ایک قدرتی تحفے سے کم نہیں۔ تھکے ٹوٹے اعصاب کو قوت بخشنے کی عمدہ دوا ہے۔ شوگر کی وجہ سے ہونیوالی اعصابی کمزوری کیلئے مفید ہے۔

☆☆☆

## شربت فولاد فواکہ

شربت فولاد ہر گھر کی ضرورت ہے۔ ہر فرد تیز زندگی کے دور میں بہت سی غذائی قلت کا شکار ہے اور بہت ساری غذا مصروف زندگی کے باعث استعمال کرنے اور صحیح طور پر ہضم کرنے پر قادر نہیں ہے۔ شربت فولاد جسم کی غذائی قلت کو دور کرتا ہے۔ یہ جسم میں نیا خون پیدا کرنے کی دوائے غذائی ہے ایسے حضرات جو باڈی بلڈنگ کر کے قدرتی طریقے سے جسم کو فربہ کرنا چاہتے ہوں ان کیلئے مفید ہے۔ اس کے اثرات میں بھوک لگانا غذا کو ہضم کرنا اور بوجھ نہ ہونے دینا شامل ہیں۔ یہ سرخ خلیوں کیلئے قدرتی فولاد مہیا کرتا ہے اور خون کی نشو و نما میں اعلیٰ کردار ادا کرتا ہے۔ شربت فولاد کے ساتھ قرص فولاد ہاضم اور سیرپ اکسیر جگر ایسے لوگوں کیلئے خاص مرکب ہے جو قدرتی طور پر جسم کی بڑھوتری چاہتے ہیں۔ یہ قدرتی اور خالص ادویات ہر طرح کے سائیڈ ایفیکٹ سے پاک ہے۔

☆☆☆

## گیسٹو فار سیرپ

گیسٹو فار سیرپ ہاضمے کی طاقت کا قدرتی اجزاء سے تیار سیرپ ہے۔ بار بار ڈکار آنے، پیٹ کا درد، سینے کی جلن میں مفید ہے۔ یہ معدے کو قوت فراہم کرتا ہے تاکہ معدہ مضبوطی سے غذا پر اپنا عمل کرے اور گیس و تبخیر سے آزاد ہضم پایا جا سکے۔ گیسٹو فار کا عمل نظام ہضم کیلئے آسانی پیدا کرتا ہے۔ یہ گھر میں عام رکھا جانے والا سیرپ ہے جو کہ کھانے سے ہونیوالے بوجھ و گھبراہٹ میں مفید ہے۔

☆☆☆



یونانی دوا
Feroze Ajmali ®
پائلٹرم
بواسیر (اندرونی، بیرونی، سادہ، خونی)
قبض مزمن
Haemorrhoids
Internal
External
Bleeding
Non bleeding
Chronic constipation
UNANI MEDICINE
Feroze Ajmali
Pile Trim
The Relax your GIT deserves.
30 Tabs
خمیرہ یاقوتی
جواھردار
مقوی دل، دماغ واعصاب
100 gm
UNANI MEDICINE
Feroze Ajmali
KHAMEERAH YAQOOTI
JAWAHIRDAR
Cardiac, Brain & Nerves Tonic
دل و دماغ اور اعصاب کو فرحت اور
طاقت بخشتا ہے دل کی دھڑکن چکر آنے
اور ضعف بصارت کے لیے مفید ہے




MANUFACTURED BY:
**FEROZE AJMALI DAWAKHANA**
Bilal Chowk, Old Shuja Abad Road, Multan, Pakistan.
061-4586403 , 4518896 0300-2958850
feroz_ajmali@yahoo.com